Office of the
# District & Sessions Judge
# Lakki Marwat
Office Phone No. 0969-538150
E-mail: dsjlakki@yahoo.com
Website: https://www.dsclakkimarwat.gov.pk

## خالی آسامیاں

ڈسٹرکٹ اینڈ سیشن جج لکی مروت کی اسٹیبلشمنٹ میں زیر دستخطی کو مندرجہ ذیل آسامیوں پر بھرتی کے لیے لکی مروت کے مستقل ڈومیسائل رکھنے والے خواہشمند امیدواران سے درخواستیں مطلوب ہیں۔

| نمبر شمار | نام آسامی، بنیادی پے سکیل | تعلیمی معیار / قابلیت | عمر کی حد | تعداد آسامی | کوٹہ |
|---|---|---|---|---|---|
| .1 | اسسٹنٹ (BPS-16) | بیچلرز ڈگری کسی تسلیم شدہ جامعہ سے | 18 تا 30 سال | 01 | اقلیت = 01 |
| .2 | کمپیوٹر آپریٹر (BPS-16) | ایم ایس سی / بی آئی ٹی / بی سی ایس "یا" اس کے مساوی تعلیم کسی تسلیم شدہ جامعہ سے | 18 تا 30 سال | 02 | خواتین = 02 |
| .3 | سنئیر سکیل سٹینوگرافر (BPS-16) | بیچلرز ڈگری کسی تسلیم شدہ جامعہ سے<br>(ii) شارٹ ہینڈ سپیڈ 100 الفاظ فی منٹ<br>(iii) انگریزی ٹائپنگ سپیڈ 40 الفاظ فی منٹ<br>(iv) مائیکروسافٹ آفس جاننے والوں کو ترجیح دی جائے گی (v) جن اضلاع میں عدالت کی زبان اردو ہے، وہاں اردو ٹائپنگ میں بھی 30 الفاظ فی منٹ کی رفتار مقرر ہو۔ | 18 تا 30 سال | 01 | میرٹ = 01 |
| .4 | سٹینو ٹائپسٹ (BPS-14) | (i) انٹر میڈیٹ یا کسی تسلیم شدہ بورڈ سے مساوی قابلیت<br>(ii) شارٹ ہینڈ سپیڈ 50 الفاظ فی منٹ<br>(iii) انگریزی ٹائپنگ سپیڈ 35 الفاظ فی منٹ<br>(iv) مائیکروسافٹ آفس جاننے والوں کو ترجیح دی جائے گی | 18 تا 30 سال | 04 | میرٹ = 03<br>خواتین = 01 |
| .5 | جونیئر کلرک (BPS-11) | i۔ میٹرک یا مساوی تعلیم منظور شدہ بورڈ سے<br>ii۔ ٹائپنگ میں 30 لفظ فی منٹ کی رفتار۔ | 18 تا 30 سال | 08 | میرٹ = 05<br>خواتین = 02<br>اقلیت = 01 |
| .6 | ڈرائیور (BPS-6) | i۔ مڈل پاس بمعہ HTV لائسنس یا LTV لائسنس، بمعہ 05 سال تجربہ<br>ii- تجربہ LTV لائسنس کے اجراء کی تاریخ سے تصور ہو گا | 30 تا 45 سال | 01 | میرٹ = 01 |

## شرائط و ضوابط

1. امیدواروں کو فراہم کردہ معلومات کی بنیاد پر عارضی طور پر ETEA اسکریننگ ٹیسٹ میں شرکت کی اجازت دی جائے گی۔ تاہم تفصیلی جانچ پڑتال متعلقہ تقرری اتھارٹی کی جانب سے کی جائے گی۔ اور اگر کسی بھی مرحلے پر کوئی امیدوار کسی بھی لحاظ سے نااہل پایا گیا تو اس کی تقرری اتھارٹی کی جانب سے نااہل قرار دیا جائے گا۔
2. امیدواران آسامی نمبر 1 تا 6 کے لیے اپنی درخواستیں ایجوکیشنل ٹیسٹنگ اینڈ ایویلیوایشن ایجنسی کی سرکاری ویب سائٹ "www.etea.edu.pk" کے ذریعے مؤرخہ 15/10/2026 تک آن لائن جمع کر سکتے ہیں۔
3. انٹرویو کے وقت امیدواران کو اپنے اصل دستاویزات، دو عدد حالیہ تصاویر، قومی شناختی کارڈ، تعلیمی اسناد، ڈومیسائل سرٹیفیکیٹ اور کریکٹر سرٹیفیکیٹ کی تصدیق شدہ نقولات پیش کرنا ہوں گی۔ مزید برآں، دو ایسے معزز شہریوں کی جانب سے جاری کردہ کریکٹر سرٹیفیکیٹ بھی فراہم کرنا ہو گا جو امیدوار کے رشتہ دار نہ ہو اور اس کے اخلاق، عادات اور چال چلن سے بخوبی واقف ہو۔
4. تمام امیدواروں کے لیے لازم ہو گا کہ وہ ETEA کی ویب سائٹ پر اپنا پروفائل بنائیں۔ پروفائل بنانے کے بعد اور کسی بھی آسامی کے لیے درخواست دینے / فیس جمع کروانے سے قبل امیدوار ETEA کی ویب سائٹ سے E-Sahulat ٹوکن پرنٹ کریں گے اور اپنا شناختی کارڈ نمبر کسی بھی NADRA E-Sahulat فرنچائز (کیاسک) سے تصدیق کروائیں گے۔ اس تصدیق کے بغیر کسی بھی آسامی کے لیے درخواست دینا ممکن نہیں ہو گا۔
5. ETEA ٹیسٹ میں کامیاب ہونے والے امیدواروں کو بعد ازاں اہلیت کے معیار کے مطابق مزید جانچ پڑتال کے عمل سے گزارا جائے گا۔

CamScanner

Office of the

# District & Sessions Judge
# Lakki Marwat

Office Phone No. 0969-538150
E-mail: dsjlakki@yahoo.com
Website: https://www.dsclakkimarwat.gov.pk

6. امیدواروں کے لیے ضروری ہے کہ وہ اس اشتہار میں دی گئی آخری تاریخ تک ہر لحاظ سے اہل ہوں۔
7. مقررہ تاریخ کے بعد موصول ہونے والی درخواستیں قبول نہیں کی جائیں گی۔ نامکمل درخواستیں یا جعلی دستاویزات / غلط معلومات کے ساتھ جمع کروائی گئی درخواستیں کسی بھی مرحلے پر مسترد کر دی جائیں گی۔
8. ٹیسٹ اور انٹرویو کی اطلاع بذریعہ SMS دی جائے گی لہذا تمام امیدوار بھرتی کا عمل مکمل ہونے تک اپنی فعال موبائل سم بند یا تبدیل نہ کریں بصورت دیگر تمام تر ذمہ داری امیدوار پر عائد ہوگی۔
9. مذکورہ آسامی کے لیے عمر کی حد کا تعین امتحان / ٹیسٹ دینے والے سال کی 01/01/2026 کو کیا جائے گا تاہم عمر کی بالائی حد میں رعایت مروجہ قوانین کے مطابق دی جائے گی۔
10. انٹرویو کے دن اصل اسناد کا پیش کرنا لازمی ہے۔
11. سرکاری / نیم سرکاری اداروں میں کام کرنے والے امیدوار متعلقہ ادارے کے ذریعے درخواست دیں گے اور تقرری سے قبل متعلقہ اتھارٹی سے NOC فراہم کریں گے۔
12. مجاز اتھارٹی کو آسامیوں کی تعداد میں معقول وجہ کے ساتھ اضافہ یا کمی یا تصحیح کرنے کا حق حاصل ہوگا۔
13. ٹیسٹ / انٹرویو کے لیے کسی قسم کا سفری یا یومیہ الاؤنس (TA/DA) نہیں دیا جائے گا۔
14. غیر ملکی ڈگری کی صورت میں HEC سے مساوی سرٹیفکیٹ فراہم کرنا لازمی ہوگا۔
15. بعد از تعیناتی تنخواہ اور دیگر الاؤنس قانون کے مطابق دیئے جائیں گے۔

## درخواست دینے کا طریقہ کار

1. دلچسپی رکھنے والے امیدوار سب سے پہلے www.etea.edu.pk وزٹ کریں اور آن لائن درخواست دیں۔
2. آن لائن درخواست کامیابی سے جمع کروانے کے بعد ایک مخصوص ڈپازٹ سلپ (جس میں ٹوکن نمبر، پراجیکٹ کوڈ اور امیدوار کی ذاتی معلومات درج ہوں گی) جاری کی جائے گی۔
3. اس ڈپازٹ سلپ کا پرنٹ نکال کر مقررہ ٹیسٹ فیس (ناقابل واپسی) EasyPaisa ایپ / ایجنٹ یا UBL بینک کی کسی بھی برانچ میں جمع کروائیں۔
4. فیس جمع کروانے کے بعد بینک کی مہر شدہ اصل ڈپازٹ سلپ (امیدوار کاپی) اپنے پاس محفوظ رکھیں اور اسے کسی کے ساتھ شیئر نہ کریں۔
5. آن لائن درخواست دینے کے بعد ابتدائی طور پر دستاویزات ETEA دفتر نہ بھیجیں۔
6. تاہم اسکریننگ ٹیسٹ میں کامیاب ہونے والے امیدواران سے ضرورت کے وقت دستاویزات طلب کی جائیں گی۔
7. آن لائن درخواست فارم 15/09/2026 کو www.etea.edu.pk پر دستیاب ہوگا۔
8. آن لائن درخواست جمع کروانے کی آخری تاریخ 15/10/2026 ہے۔
9. امیدواروں کو ETEA کی جانب سے SMS کے ذریعے اطلاع دی جائے گی کہ وہ www.etea.edu.pk سے اپنی رول نمبر سلپ ڈاؤن لوڈ اور پرنٹ کریں۔ امیدواروں کو ہدایت کی جاتی ہے کہ پورٹڈ / کنورٹڈ موبائل نمبر فراہم نہ کریں۔
10. ٹیسٹ کی تاریخ، وقت اور مقام رول نمبر سلپ پر درج ہوگا۔
11. اسکریننگ ٹیسٹ کے لیے کوئی علیحدہ کال لیٹر بذریعہ ڈاک یا کوریئر جاری نہیں کیا جائے گا۔

(عبدالبصیر)
ڈسٹرکٹ اینڈ سیشن جج لکی مروت

CamScanner